### ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے اقدامات کئے جائینگے‘ صوبائی وزیر کی واقعہ کی مذمت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای واسا سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے پنجگور میں مقامی مزدوروں پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک اور صوبے میں اہم ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کے سلسلے میں مزدوروں کا اہم کردار ہے جن کو سوچی سمجھی سازش کے تحت نشانہ بنایا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو ماہ میں 60 سے زیادہ مزدوروں کو شہید کرنا باعث تشویش ہے، اس طرح کے واقعات کی روک تھام کیلئے تمام اقدامات اٹھائے جائیں گے تاکہ آئندہ اس طرح کے دلخراش واقعات نہ ہوں، مزدوروں کا قتل دلخراش واقعہ ہے اس طرح کے واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ سردار کھیتران نے مقتولین کی مغفرت اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل جبکہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## غیر معیاری ترقیاتی کام برداشت نہیں کرینگے‘ فیصل خان جمالی

### اوستہ محمد میں اپنے فنڈز سے جاری ترقیاتی کام کے معائنے کے موقع پر گفتگو

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ غیر معیاری ترقیاتی کام کام برداشت نہیں کروں گا میرے فنڈز سے جو ترقیاتی کام ہو رہے ہیں یا ہونگے وہ معیاری کام ہونے چاہیے خلاف ورزی پر متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف کارروائی ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے فنڈ سے سید فضل شاہ اسٹریٹ سید قاسم شاہ ہاؤس والی گلی میں ٹف ٹائل کے کام کے معائنہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر نے کہا کہ کسی بھی علاقے میں ترقیاتی فنڈز بار بار خرچ نہیں ہوتے اس لیے معیاری کام ہرصورت ہونا چاہیے تاکہ فنڈز کے ضائع کو بچانے کے ساتھ عوام کو حقیقی ریلیف بھی مل سکے۔

## بے گناہ مزدوروں کو منصوبہ بندی کے ساتھ نشانہ بنایا گیا‘ نور محمد دمڑ

### دہشتگردوں کی بیخ کنی تک ٹارگٹڈ آپریشن جاری رہے گا‘ پنجگور واقعہ قابل مذمت ہے

ہرنائی (نامہ نگار) مسلم لیگ ن کے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے پنجگور کے علاقے پروم سٹوری ڈیم پر کام کرنے والے بے گناہ مزدوروں پر دہشت گردوں کی فائرنگ کی الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہے دہشت گردوں اور اس ان کے سہولت کاروں کی بیخ کنی کیلئے ملک بھر میں ٹارگٹڈ آپریشن جاری ہے جو آخری دہشت گردی تک جاری رہے گا انہوں نے کہا کہ دہشت گرد منصوبہ بندی کے بے گناہ لوگوں اور مزدوروں کو نشانہ بنا رہے ہیں حکومت ان کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کرے گی۔

## بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرینگے‘ سلیم کھوسہ

### محکمہ مواصلات وتعمیرات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے‘ خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات کو دور حاضر کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اس حوالے سے ہنگامی بنیادوں پر کام کیا جائے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر نے RMU روڈ مینٹیننس یونٹ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات لعل جان جعفر کوئٹہ خضدار اور سبی زونز کے چیف انجینئر روڈز‘ مواصلات وتعمیرات کے دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے اجلاس کو روڈ مینٹیننس کے حوالے تفصیلی بریفنگ دی گئی سیکرٹری مواصلات وتعمیرات لعل جان جعفر نے اجلاس کو بتایا کہ محکمہ کے ای اینڈ ایم ڈویژن کے پاس جتنی بھی کارآمد مشینریز ہیں انہیں استعمال میں لایا جارہا ہے لیکن پھر جدید مشینری اور دور حاضر کے ایڈوانس ٹیکنالوجی وقت کی اہم ضرورت ہے صوبائی وزیر نے ہدایات دی کہ RMU یونٹ مزید فعال اور متحرک کرنے کے ہر ممکن تمام سہولیات فراہم کیے جائیں انہوں نے کہا کہ ہمارا فرض ہے کہ ہم منتخب ہونے کے بعد اپنے صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے بھی یہی ہدایات ہیں کہ صوبے کے روڈ اور بلڈنگ انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کیے جائیں تاکہ صوبے کے عوام کو ان سہولیات کا فائدہ ملے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 30 OCT 2024 Page No. 15


## صوبائی اسمبلی سے مالکانہ حقوق کی قرارداد منظور ہونا نیک شگون ہے، صادق عمرانی

### پی پی پی جب بھی اقتدار میں آئی بلاتفریق عوام کی خدمت کیساتھ غریب عوام کو زمینوں کا مالک بنایا' صوبائی وزیر آبپاشی

### مالکانہ حقوق بھی ڈی ایم جمالی و ڈیرہ اللہ یار کے عوام کا 15 سالہ دیرینہ مطالبہ جسے پورا کرنے میں پی پی نے اہم کردار ادا کیا' وفود سے بات چیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات اور ان کے حقوق کے حصول کیلئے کلیدی کردار ادا کیا لوگوں کو زمینوں کے مالکانہ حقوق دیئے 15 سال قبل اسمبلی سے قرارداد منظور کرائی گئی معاملے کو دوبارہ بلوچستان اسمبلی سے حل کروانے اور مالکانہ حقوق دلوانے کے لئے قرارداد .......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 11 پر

بقیہ 45 صفحہ نمبر 11 پر

کی منظوری نیک شگون ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں ملنے والے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی بلا تفریق عوام کی خدمت کی ہے لوگوں کو روزگار کی فراہمی کے ساتھ ساتھ غریب عوام کو زمینوں کا مالک بنایا ہے جس طرح گزشتہ روز میں نے پارلیمانی سیکرٹری شہناز عمرانی کی قرارداد ایوان میں پیش کی اور کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ اللہ یار کے عوام جن زمینوں پر عرصہ دراز سے آباد ہیں انہیں ایک طویل عرصہ گزرنے کے باوجود ان زمینوں کے مالکانہ حقوق نہیں دیئے گئے جس کی بناء پر انہیں سخت مشکلات درپیش ہیں اس بابت 3 فروری 2009ء کو بلوچستان اسمبلی سے باقاعدہ طور پر ایک قرارداد بھی منظور ہوئی تھی

## عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں' صوبائی وزیر خزانہ

### خاران ٹاؤن سمیت پورے ضلع میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا جارہا ہے' میر شعیب نوشیروانی

خاران (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں خاران کو دیگر ترقی یافتہ اضلاع کی صف میں شامل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب جان نوشیروانی نے محمد حسنی ہاؤس آمد کے موقع پر ممتاز قبائلی وسیاسی رہنماء سابق یونین ناظم حاجی اللہ بخش محمد حسنی کی خیریت دریافت اور علاقائی مسائل پر گفتگو کے .......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 11 پر

بقیہ 46 صفحہ نمبر 11 پر

دوران کیا اس موقع پر ممتاز قبائلی وسیاسی رہنماء میر محمد اعظم مسکانزئی سابق یونین نائب ناظم حاجی حفیظ اللہ لورلیہ۔ میر عبدالطیف نوتیزئی میونسپل کمیٹی کے کونسلر حاجی غلام سرور بلوچ۔ کونسلر حاجی ثناء اللہ ملازئی۔ یونین چیئرمین حاجی نوراحمد ملازئی چیئرمین عبدالواحد درازئی۔ وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سردار آمین اللہ درانی۔ مولوی اللہ داد سینئر صحافی محمد عیسیٰ محمد حسنی کونسلر حمزہ محمد حسنی اور دیگر علاقائی معتبرین بھی موجود تھے

## اداروں کے ساتھ ملکر مریضوں کی خدمت کیلئے کام کریں گے' بخت محمد کاکڑ

### این آئی سی وی ڈی کے ماڈل کے طرز پر بلوچستان میں سیٹلائٹ سینٹرز بنائے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کارڈیک سرجری آئی سی یو، سول ہسپتال کوئٹہ کا افتتاح کردیا آئی سی یو کی مرمت اور تزئین و آرائش کا کام بینک الفلاح اور ترقی فاؤنڈیشن نے مل کر کیا اس موقع پر ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر میر نور اللہ موسیٰ خیل، امریکہ کے کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر عثمان، سربراہ ترقی فاؤنڈیشن خزانہ امجد رشید، ریجنل چیف بینک الفلاح ثناء اللہ، ڈاکٹر محبوب قمرانی، اسسٹنٹ پروفیسر کارڈیک سرجری ڈاکٹر عصمت .......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 11 پر

بقیہ 57 صفحہ نمبر 11 پر

اللہ اچکزئی، اسسٹنٹ پروفیسر کارڈیک سرجری ڈاکٹر عبدالواسع افتتاحی تقریب میں شریک تھے بینک الفلاح نے شعبہ کارڈیک سرجری کے بیڈز، طبی مشینری اور کارڈیک سرجری کے مریضوں کے لئے سرجری کی مکمل کیٹس مہیا کی صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ سول ہسپتال کوئٹہ، بینک الفلاح اور ترقی فاؤنڈیشن بلوچستان بھر میں صحت کی دیکھ بھال میں بہترین کارکردگی اور مریضوں کی خدمت کیلئے مل کر کام کرتے رہیں گے بینک الفلاح اور اور ترقی فاؤنڈیشن بلوچستان غریب مریضوں مفت، معیاری علاج و معالجے و صحت کی سہولیات فراہم کرنا صدقہ جاریہ ہے

## ریونیو عملہ سائلین کی خدمت اپنا مشن بنائیں' کوتاہی برداشت نہیں' عاصم کرد گیلو

### عوام کے اعتماد کو کسی صورت ٹھیس نہیں پہنچائیں گے' صوبائی وزیر ریونیو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ محکمہ ریونیو کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، ریونیو عملہ سائلین کی خدمت اپنا مشن بنائیں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی کوتاہی اور غفلت برتنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے گی عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے عوام کے اعتماد کو کسی صورت ٹھیس نہیں پہنچائیں گے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی .......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 11 پر

بقیہ 61 صفحہ نمبر 11 پر

'انہوں نے کہا کہ ریاستی مشینری میں محکمہ ریونیو کا کردار ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے صوبے کے مفادات کا خیال رکھنا محکمہ ریونیو کی اولین ترجیح ہے لہذا محکمے کے تمام اہلکاران اس ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھائیں انہوں نے کہا کہ جو بھی کام کرنا ہو اس میں قانونی تقاضے پورے ہونے چاہئیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 30 OCT 2024 Page No. 16

## افسران متعلقہ اضلاع میں اپنی حاضری کو یقینی بنائیں، چیف سیکرٹری

### عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہی ہماری ذمہ داری ہے، اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت منگل کے روز اسکولوں میں اساتذہ، ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی حاضری، اسمگلنگ کی روک تھام، عارضی بنیادوں پر اساتذہ اور ڈاکٹرز کی بھرتیاں، معیاری تعلیم اور صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی اور زرعی ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقل کرنے کے حوالے سے ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں مختلف متعلقہ امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ شہاب علی شاہ، سیکرٹری جنگلات دوستین خان جمالدینی، سیکرٹری انڈسٹریز درا بلوچ، سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات عمران خان، سیکرٹری اسکولز صالح محمد ناصر جبکہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام آفیسران اپنے متعلقہ اضلاع میں اپنی حاضری کو یقینی بنائیں اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ایمانداری سے اپنے فرائض سرانجام دے، عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہی ہماری ذمہ داری ہے اور ہمیں عوام کی خدمت کے لیے دن رات کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے صوبائی حکومت امن و امان برقرار رکھنے کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھارہی ہے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی کنٹریکٹ پر بھرتیوں میں تیزی لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مقررہ مدت میں بھرتیوں کی پروسیس مکمل ہونی چاہیے اور ہسپتالوں میں بھی کنٹریکٹ پر ڈاکٹرز کی بھرتیوں کو جلد سے جلد یقینی بنائیں۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبے میں ابھی تک 847 سکولوں کو فعال کیا ہے اور معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ لورالائی ڈویژن میں مسلسل غیر حاضری پر 139 اساتذہ کو ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی نے نوکری سے برخاست کرنے کی سفارش کی ہے۔ نصیرآباد میں 24، قلات میں 29، کوئٹہ میں 105، سبی میں 36، مکران میں 23 اور ژوب میں 128 اساتذہ کو نوکری سے برخاست کرنے کی سفارش کی ہے۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھیں تا کہ کوئی سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی نہ کرے۔

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

## بنیادی سہولیات کی دہلیز پر فراہمی ہماری ذمہ داری ہے چیف سیکرٹری

### تمام افسران متعلقہ اضلاع میں حاضری یقینی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے ایمانداری سے فرائض انجام دیں، شکیل قادر خان

### محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی اور ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کی کنٹریکٹ پر بھرتیوں کا عمل جلد مکمل کیا جائے، چیف سیکرٹری کی ہدایت

### عوام کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح صوبائی حکومت امن و امان برقرار رکھنے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھارہی ہے، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت گزشتہ روز اسکولوں میں اساتذہ، ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی حاضری، اسمگلنگ کی روک تھام، عارضی بنیادوں پر اساتذہ اور ڈاکٹروں کی بھرتیاں، معیاری تعلیم اور صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی اور زرعی ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقل کرنے کے حوالے سے ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں مختلف متعلقہ ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 11 پر

امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ شہاب علی شاہ، سیکرٹری جنگلات دوستین خان جمالدینی، سیکرٹری انڈسٹریز درا بلوچ، سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات عمران خان، سیکرٹری اسکولز صالح محمد ناصر جبکہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام افسران اپنے متعلقہ اضلاع میں اپنی حاضری یقینی بنائیں اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے ایمانداری سے اپنے فرائض سر انجام دیں، عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہی ہماری ذمہ داری ہے اور ہمیں عوام کی خدمت کیلئے دن رات کام کرنے کی ضرورت ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 30 OCT 2024 Page No. 21


## کوئٹہ سمیت ملک بھر میں گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں اضافہ

### کوکنگ آئل اور گھی کی قیمت میں 20 سے 80 روپے تک کا اضافہ کر دیا گیا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) کوئٹہ سمیت صوبے بلوچستان اور ملک بھر میں گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں 20 سے 80 روپے فی کلو اضافہ ہو گیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق ہر........ بقیہ 81 صفحہ نمبر 11 پر

اے گھی کی قیمت 370 سے بڑھ کر 450 روپے کلو ہو گئی ہے۔ کوکنگ آئل کی قیمت میں 440 سے 530 روپے فی کلو تک کا اضافہ ہوا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق عالمی مارکیٹ میں پام آئل 1900 ڈالرز سے بڑھ کر 1200 ڈالرز فی ٹن پہنچ گیا ہے۔ دوسری جانب لاہور میں مرغی کا گوشت 100 روپے فی کلو تک کم ہو گیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق آج چکن کی فی کلو قیمت 539 روپے ہو گئی ہے۔

## زندگی بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں اضافہ جاری، مریض رل گئے

[illegible]

### ادویات مارکیٹ سے غائب، کمپنیوں نے سپلائی مکمل بند کر رکھی ہے، میڈیکل سٹورز مالکان

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ شہر میں مختلف میڈیکل سٹورز پر دستیاب ادویات کی قیمتوں میں 20 سے 25 فیصد اضافہ ہوا ہے جس کے باعث مریضوں کو ادویات خریدنے میں شدید مشکلات کا سامنا........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 11 پر

ہے جبکہ پیناڈول گولیاں دس عدد کی قیمت 60 روپے ڈسپرین دس عدد گولیاں 50 روپے میں فروخت کی جا رہی ہیں کوئٹہ شہر میں ملٹی نیشنل کمپنیوں نے اپنی ادویات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ کر دیا ہے جس سے غریب عوام ادویات لینے سے بھی محروم ہیں مختلف اقسام کی ادویات جن میں شوگر بلڈ پریشر دمہ ہیپاٹائٹس اور دیگر بیماریاں شامل ہیں ان کی ادویات میں 20 سے 25 فیصد اضافہ ہو چکا ہے مختلف کمپنیوں نے ادویات کی قیمت مزید بڑھانے کے لئے بھی سپلائی بند کر رکھی ہے جس کے باعث مریضوں کی مشکلات میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے کوئٹہ شہر کے مختلف ہسپتالوں کے ڈاکٹرز اور ہسپتالوں کے میڈیکل سٹورز پر بھی یہ ادویات نایاب ہو گئیں جبکہ مختلف میڈیکل سٹور مالکان کا کہنا ہے کہ کمپنیوں نے مکمل سپلائی بند کر رکھی ہے۔

## شہید بینظیر ہسپتال مری آباد میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تعینات کیا جائے، عوامی حلقے

[illegible]

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں شہید بینظیر ہسپتال مری آباد کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کے ٹرانسفر ہونے سے ہسپتال میں آپریشن تھیٹرز کے لیے آکسیجن کی کمی، او پی ڈی میں مشکلات اور دوائیوں کی فراہمی میں شدید قلت نے شہریوں کے مشکلات میں اضافہ کر دیا، عوامی حلقوں کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے مری آباد میں واقع بینظیر ہسپتال جس میں روزانہ کی بنیاد پر او پی ڈی شعبہ حادثات اور آپریشن تھیٹرز فعال ہیں مگر گزشتہ تین ماہ قبل ایم ایس بینظیر ہسپتال مری آباد یہاں سے ٹرانسفر ہو گئے تھے تاحال کوئی دوسرا ایم ایس تعینات نہ ہونے کی وجہ سے بینظیر ہسپتال کئی مسائل کا شکار ہو گیا ہے، ہزاروں کی تعداد میں لوگ اپنے مریضوں کو یہاں لاتے ہیں مگر ہسپتال کے تمام شعبے متاثر ہو کر رہ گئے ہیں۔ اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں نے جب شہید بینظیر بھٹو ہسپتال کے ڈاکٹروں سے مسائل کے حوالے سے رابطہ کیا تو انہوں نے خبر کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ دو ماہ سے زائد ہسپتال کے ایم ایس ٹرانسفر ہوئے ہیں اس ضمن میں جس ایم ایس کو ایڈیشنل چارج دیا گیا ہے ان کے اختیارات محدود ہونے کی وجہ سے مشکلات حل نہیں ہو رہی ہے روزانہ کی بنیاد پر او ٹی میں چھوٹے بڑے 8 سے 9 آپریشن کیے جاتے ہیں لیکن وہاں پر آکسیجن نہ ہونے کے باعث آپریشن کو بھی محدود کر دیا گیا ہے کئی مرتبہ لوڈشیڈنگ کی وجہ سے دوران آپریشن بیک اپ جنریٹر کے فعال نہ ہونے کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے کوئٹہ کے دیگر ہسپتالوں سے شہید بینظیر بھٹو ہسپتال مری آباد میں گزشتہ کئی سالوں سے تمام شعبے فعال اور بہتر بھی دوائیوں سے لیکر صفائی ستھرائی تک کسی قسم کا مسئلہ درپیش نہیں ہوا مگر نئے ایم ایس نہ ہونے کی وجہ سے مشکلات بڑھ گئے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 30 OCT 2024

Page No. 22

## بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں ٹریڈ پابندی پر احتجاج میں شدت، حکومتی سطح پر مسئلے کا حل جلد نکالنے کی ضرورت!

بلوچستان کے سرحدی علاقوں سے وابستہ لوگوں کا روزگار ایران اور افغانستان سرحد سے وابستہ ہے، ایران سے منسلک سرحد سے تیل اور اشیاء خوردونوش کی تجارت کی جاتی ہے لیکن جب سے ایران سے سرحدی تجارت پر پابندی عائد کی گئی ہے وہاں کے کاروباری سمیت عام شہریوں کا روزگار بری طرح متاثر ہوکر رہ گیا ہے۔ سرحد پر کاروبار کی بندش کے خلاف گزشتہ دنوں رخشان، مکران بارڈر ٹریڈ الائنس کی جانب سے کوئٹہ پریس کلب سے احتجاجی ریلی نکالی گئی اور بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ رخشان، مکران بارڈر ٹریڈ الائنس کے عہدیداران کا کہنا تھا کہ بارڈر پر ٹریڈ کی بندش سے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں، حکومت لوگوں کو باعزت روزگار دینے کی بجائے بے روزگاری کی طرف دھکیل رہی ہے جس کے منفی نتائج برآمد ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے بارڈر پر تیل کے کاروبار اور اشیائے خوردونوش کی تجارت پر پابندی عائد کر رکھی ہے حالانکہ رخشان اور مکران ڈویژن میں تیل کے کاروبار کیلئے گاڑیوں کو باقاعدہ رجسٹرڈ کیا گیا ہے اور بارڈر سے تیل لانے اور اندرون بلوچستان ترسیل کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ پہلے مرحلے میں ہفتے میں تین ایام بارڈر پر چھٹی کے احکامات جاری کیے گئے بعدازاں تیل کی ترسیل پر ضلع بندی کے احکامات جاری کیے گئے ہیں جس کے باعث بے روزگاری میں اضافہ ہوگیا ہے، اگر بارڈر تجارت پر پابندیاں ختم نہ کی گئیں تو رخشان مکران ٹریڈ الائنس بلوچستان بھر میں احتجاج کرے گی۔ دوسری جانب بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اپوزیشن اراکین نے سرحدی تجارت پر بندش کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اجلاس سے واک آؤٹ کیا۔ اپوزیشن اراکین اسمبلی نے سرحدی تجارت پر بندش کے خلاف پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے۔ اپوزیشن اراکین کی جانب سے سرحدی تجارت کی بندش فوری ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ حکومت کی جانب سے صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے خطاب میں کہا کہ بلوچستان کی آدھی آبادی کا گزر بسر سرحدی تجارت پر ہے، حکومت عوام کے روزگار کی بندش نہیں چاہتی، کچھ قدغنیں ہیں جو وزیراعلیٰ بلوچستان کے آنے پر دور کی جائیں گی۔ بہرحال بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں کاروبار کا مکمل انحصار پڑوسی ممالک کے ساتھ تیل، اشیاء خورد ونوش سمیت دیگر ضروریات زندگی کی چیزوں پر ہے۔ یہ تجارت پاکستان، ایران اور افغانستان کے سرحدی علاقوں میں رہائش پذیر افراد کرتے ہیں کیونکہ ان علاقوں میں دیگر کوئی روزگار کا ذریعہ نہیں۔ یہاں دہائیوں سے یہی کاروبار چلتا آرہا ہے مگر حالیہ دنوں میں کچھ قانونی نکات کو جواز بنا کر حکومت کی جانب سے سرحدوں پر کاروبار پر بندش لگائی گئی ہے جس سے ان علاقوں کے لوگوں میں بے چینی پائی جاتی ہے۔ بہرحال سرحدی ٹریڈ پر بندش کا معاملہ اب شدت اختیار کرتا جارہا ہے اس کو جلد حل کی طرف لے جانے کی ضرورت ہے جس سے قانونی مسائل بھی پیدا نہ ہوں اور سرحد سے منسلک افراد بھی معاشی حوالے سے مزید متاثر نہ ہوں۔ امید ہے کہ حکومت جلد ہی اس مسئلے کو حل کرنے کیلئے تمام فریقین سے بات چیت کرے گی جو سب کیلئے قابل قبول ہو، اور لوگوں کے روزگار کے معاملات بھی چلتے رہیں نیز قانونی اور نقص امن کا مسئلہ بھی پیدا نہ ہو۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: صبح نو

Bullet No. 6 Dated: 30 OCT 2024 Page No. 23

# خواتین کیلئے پنک بس سروس کا آغاز!

وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے انکشاف کیا ہے کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کی سفری ضروریات اور ان کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے خواتین کے لیے مخصوص پنک بس سروس کا آغاز کیا جارہا ہے۔ جو کہ صوبے کی خواتین کو زیادہ آزادی اور تحفظ کا احساس بھی فراہم کرے گا۔ پنک بس سروس منصوبے کے ذریعے خواتین کو ایک بہتر اور محفوظ سفر کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ جس سے ان کے معاشرتی اور اقتصادی سرگرمیوں میں شرکت میں بھی اضافہ ہوگا۔ امید ہے کہ یہ قدم خواتین کے لیے سفری سہولتوں میں بہتری کا باعث بنے گا۔ صوبے کی خواتین کو ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے حکومت بلوچستان اس طرح کے مزید منصوبے پیش کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

خواتین کیلئے پنک بس سروس کے آغاز ہونے کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کا مذکورہ بیان قابل تعریف ہے۔ کیونکہ یہ حکومت کی جانب سے نہ صرف بہترین اقدام بلکہ اس کی ضرورت بھی ہے کیونکہ خواتین کو عام بسوں میں سفر کرنے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ چونکہ ہمارا معاشرہ قبائلی ہے اور یہاں خواتین کا بڑا احترام ہے ان کو عام بسوں میں سفر کرنے سے بڑی تکلیف ہوتی ہے اس لیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے کیا جانے والا مذکورہ فیصلہ خواتین کے بہترین مفاد میں ہے۔ چونکہ خواتین بھی ہمارے معاشرے کا حصہ ہیں اور ان کی آبادی نصف ہے اس لیے ان کو بھی مردوں کی طرح ہر قسم کی سہولتیں فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ جہاں تک صوبے کی خواتین کو ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے حکومت بلوچستان کی جانب سے مزید منصوبے پیش کرنے کا جو عزم ہے وہ بھی قابل تحسین ہے۔ کیونکہ کوئی بھی معاشرہ برابری کے بغیر ترقی نہیں کرسکتا۔ اس لیے خواتین کو بھی برابری کے حقوق دینے بہت ہی ضروری ہیں۔ یہاں چونکہ بس سروس کی بات ہورہی ہے تو اس ضمن میں یہاں گرین بس کا ذکر کرنا بھی ازحد ضروری ہے جو اس وقت کامیاب بس سروس کے طور پر چلائی جارہی ہے لیکن ان کی تعداد بہت ہی کم ہے یہ عوام کو ایک بہت بہتر سہولت دے رہی ہے اور عوام بھی اس سے کافی مطمئن ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ گرین بس سروس میں فوری طور پر مزید بسوں کا اضافہ کیا جائے اور ان کو صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مزید علاقوں میں چلایا جائے تاکہ عوام کو ایک معیاری سروس میسر ہوسکے۔ اس طرح ان بسوں کے کرایوں میں کمی بھی کی جائے جو کہ بہت پہلے مقرر کی گئی تھی اب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہوئی ہے اس کا فائدہ عوام کو دینا چاہیئے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 6
Dated: 30 OCT 2024 Page No. 24

# Cancer treatment

Undoubtedly, cancer has become a deadly disease Balochistan and it has become a major concern for the people. With each passing year, the number of cancer patients in the province is increasing, which should be a matter of great concern for the health authorities.

According to recent reports, cancer in the province has increased by 30 per cent in the last five years. In many districts including that of Chagai, Noushki and Awaran, there have been multiple cancer-related cases in a short span of time. This alarming increase in cancer cases is attributed to several factors, including the lack of awareness, use of tobacco, consumption of unhealthy food, and exposure to harmful chemicals. Reportedly, Quetta recorded 10,924 cancer cases from 1998 to 2009, and an additional 10,000 cases were identified between 2014 and 2017, with a majority of them being women afflicted with breast cancer. On social and electronic media, we frequently come across multiple families appealing for donations in the name of God. Unfortunately, they fail to capture the media's attention due to their residence in a backward province where deprivation is widespread. A significant challenge faced by patients from economically disadvantaged areas is the lack of access to healthcare. Issues such as transportation, financial constraints, and the high cost of treatment often prevent these women from seeking timely care. Currently, there are only a few cancer treatment facilities, and they are mostly located in the major cities in Sindh and Punjab. The lack of adequate facilities forces cancer patients to travel long distances to receive treatment, which is a significant financial burden and adds to the physical and mental stress of patients' families. There is an urgent need to raise awareness about breast cancer, especially in underserved areas, to encourage early detection and treatment. Currently in Balochistan, there are only two institutes that are handling all the cancer load of the region. These are Bolan Medical Complex Hospital Oncology Department, with a total of only 14 beds and Center for Nuclear Medicine and Radiotherapy (CENAR) Quetta which does not fall under the provincial government. A low budget is allocated to provide primary healthcare facilities to cancer patients which could be gauged from the fact that Balochistan still lacks a laboratory to diagnose cancer. It is essential that the government must take urgent measures to address the issue of cancer in Balochistan. The first step in this regard is to create awareness among the people about the risk factors associated with the disease and the preventive measures that can be taken. The government should also invest in cancer treatment facilities and equipment in the province.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quett

Bullet No. 6 Dated: 30 OCT 2024 Page No. 26

# پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن میں 26 ویں کے بعد 27 ویں ترمیم کیلئے اتفاق رائے



کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

26 ویں آئینی ترمیم کے بعد 27 ویں آئینی ترمیم کے لئے حکمران جماعتیں ن لیگ اور پی پی پی اتفاق رائے کیلئے کوشاں ہیں۔ صوبوں کو درپیش مسائل اور ان کے حقوق دینے سے متعلق 27 ویں ترمیم کی تیاری کے لئے مشاورت اور دیگر سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ 27 ویں ترمیم میں بلوچستان نے اسمبلی کی نشستوں میں اضافے سے متعلق نیشنل پارٹی اور بلوچستان عوامی پارٹی کی جانب سے آئینی کمیٹی کو پیش کئے گئے ڈرافٹ پر بھی غور کرنے کا قوی امکان ہے۔ اس سے قبل 26 ویں آئینی ترمیم کے موقع پر سینٹ اجلاس کے دوران بی این پی کے دو سینیٹرز کی جانب سے حکومت کی حمایت میں ووٹ دینے کے معاملے پر بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل کے سخت ردعمل اور سینٹ ہال کی مہمانوں کی گیلری میں زبردستی گھسنے پر سردار اختر مینگل سمیت انکے 6 ساتھیوں کے خلاف انسداد دہشت گردی ایکٹ کی دفعہ 7 کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا جس پر بلوچستان کی قوم پرست جماعتوں اور سیاسی و قبائلی شخصیات کی جانب سے سخت ردعمل دیکھنے میں آیا جبکہ اس مقدمے کے اندراج پر بی این پی کے سربراہ اختر جان مینگل کا کہنا ہے کہ یہ مقدمہ 26 ویں آئینی ترمیم کی مخالفت کرنے پر درج کیا گیا ہے انہیں افسوس اس بات کا ہے کہ انہیں دبئی جا کر اس مقدمے کے اندراج کا پتہ چلا ورنہ وہ اپنی پرواز منسوخ کر کے گرفتاری دے دیتے۔ ملک میں سیاست کا مستقبل تاریک ہے پہلے دوڑکی

اور اب منتخب نمائندوں کی رائے تبدیل کی جاتی ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ بی این پی کے سینیٹر قاسم رونجھو نے سردار اختر مینگل کے ہمراہ کی گئی پریس کانفرنس کی تردید کرتے ہوئے یہ الزام عائد کیا ہے کہ ان سے زبردستی تحریری بیان پریس کانفرنس میں پڑھایا گیا ہے۔ بی این پی نے اپنے دونوں سینیٹرز نسیمہ احسان اور قاسم رونجھو سے پارٹی فیصلے کے برخلاف حکومت کی حمایت میں 26 ویں آئینی ترامیم کے حق میں ووٹ دینے پر استعفے طلب کئے ہیں۔ بی این پی نے سردار اختر مینگل سمیت 6 پارٹی رہنماؤں کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے خلاف احتجاج کرنے کا اعلان کیا ہے جس میں 30 اکتوبر کو صوبہ بھر میں شٹر ڈاؤن اور 2 نومبر کو پہیہ جام ہڑتال کی جائے گی۔

ادھر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے بلوچستان کے پشتون علاقوں میں بدامنی کے واقعات کے خلاف قومی جرگے منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے، ان کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے پشتون علاقوں موسیٰ خیل، دکی اور ہرنائی میں یکے بعد دیگرے افسوسناک واقعات کے بعد انکی جماعت پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے عوام کے پاس جانے کا فیصلہ کیا ہے۔ لورالائی ڈویژن میں 9 اور 10 نومبر کو پہلا جرگہ ہوگا اس کے بعد کوئٹہ سمیت دیگر ڈویژنز میں جرگے

ہوگئے، جرگوں کی رائے کے بعد پارٹی سخت لائحہ عمل اپنائے گی۔ نیشنل پارٹی کی مرکزی کانگریس کا ساتواں اجلاس کوئٹہ میں شروع ہوگیا ہے چار روز تک جاری رہنے والے مرکزی کنونشن کے اختتام پر پارٹی کے مرکزی و صوبائی اور ضلعی انتخابات منعقد ہوں گے۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی کنونشن میں ملکی و صوبائی سیاسی صورتحال پر غور وخوض کے بعد پارٹی اپنی حکمت عملی طے کرے گی۔ افتتاحی اجلاس میں پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے اسٹیبلشمنٹ پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ نے ملک کے تمام اداروں پر قبضہ کر رکھا ہے۔ انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں لوگ لاپتہ ہو رہے ہیں، سیاسی کارکن جیلوں میں ہیں، ملک خارجی طور پر تنہا ہوگیا ہے۔ بڑی سیاسی جماعتیں تحفظ جمہوریت کے پی ڈی ایم اور میثاق جمہوریت کے نعرے سے منکر ہوگئی ہیں۔ بلوچستان جیسی اہم قومی وحدت کو کالونی تصور کرتے ہوئے 2018 اور 2024 کے عام انتخابات کو آکشن میں تبدیل کر کے انتخابی نتائج کو تبدیل کیا گیا جس سے صوبے میں انسرجنسی کو مزید تقویت ملی ہے۔ صوبے کے نوجوان پارلیمانی سیاست اور جمہوریت سے مایوس ہوگئے ہیں۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ بلوچستان کی قوم پرست جماعتیں موجودہ سیاسی حالات میں مایوسی کا

اظہار کر رہی ہیں جو کہ کوئی اچھا شگون نہیں۔ پالیسی میکرز کو حالات کی نزاکت کا نوٹس لینا چاہیے اور پارلیمانی سیاست کے ذریعے صوبے کے مسائل کو حل کرنے کی بات کرنے والی ان قوم پرست جماعتوں کو بند گلی میں دھکیلنے سے صورتحال میں بہتری کی بجائے مزید بگاڑ پیدا ہونے کا خدشہ ہے جو کہ اس صوبے اور یہاں کے عوام کے مفاد میں نہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلدیاتی اداروں کو موثر بنانے کیلئے ان کے ترقیاتی فنڈز میں سو فیصد اضافے کا اعلان کرتے ہوئے وسائل کے درست استعمال اور کرپشن کی روک تھام کیلئے انٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مل کر میکنزم تشکیل دینے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان بگٹی نے بلدیاتی اداروں کو فنڈز کا اجراء کارکردگی سے مشروط کیا ہے۔ سیاسی حلقوں نے وزیراعلیٰ کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے صوبے میں نچلی سطح پر ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچیں گے۔ تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ کرپشن کے راستے روکنے کیلئے حکومت ایک موثر میکنزم بنائے جس کی نشاندہی وزیراعلیٰ بگٹی نے بھی کی ہے۔ سیاسی حلقوں کا یہ بھی کہنا ہے کہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں بلدیاتی ادارے قائم ہو چکے ہیں تاہم صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ابھی تک بلدیاتی انتخابات نہ ہونے کے باعث عوام مسائل و مشکلات کا شکار ہیں۔ صوبائی حکومت کوئٹہ میں بھی بلدیاتی انتخابات کا جلد از جلد اعلان کرے تاکہ ترقی کے ثمرات سے کوئٹہ کے عوام بھی مستفید ہوسکیں۔ ●







CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: Tribune Express Karachi
Bullet No. 7
Dated: 29 OCT 2024 Page No. 27

# Balochistan protest demands opening of border trade

## Demonstrators say business with Iran, Afghanistan is crucial

SYED ALI SHAH
QUETTA

Residents of Balochistan's bordering districts with Iran staged a large-scale protest outside the Balochistan Assembly on Monday, demanding free and uninterrupted trade with neighboring Iran and Afghanistan.

Chanting slogans for open trade, the demonstrators called for an end to restrictions impacting local businesses and livelihoods.

Joining the protesters were influential political leaders, including Chief of the Balochistan National Party (BNP) Asad Baloch Jamiat Ulema-e-Islam-Fazl (JUI-F) leader Zabit Reki, and Jamaat-e-Islami (JI) leader Maulana Hidayatur Rehman.

The leaders expressed solidarity with the people, emphasising the essential role of cross-border trade for the region's economic stability.

Addressing the crowd, Asad Baloch stated, "The government must recognise the significance of free trade for Balochistan's bordering districts. This isn't just about economics; it's about the right to livelihood for thousands of families."

Zabit Reki echoed these sentiments, adding, "Restricting trade with Iran and Afghanistan directly impacts our people's ability to earn a living. We will continue to stand with the people in their demand for accessible and uninterrupted trade routes."

Maulana Hidayatur Rehman highlighted the economic needs of the region, saying, "Our people depend on this trade for survival. We urge the government to meet these demands and lift any unnecessary barriers."

Provincial ministers Mir Sadiq Umrani, Mir Zahoor Buledi, and Saleem Khan Khoso also joined the protest, giving assurances to the crowd. "We are committed to advocating for the interests of our people and ensuring their trade rights are respected," Umrani assured.

Minister Buledi added that the government will prioritise this issue in assembly sessions and take all necessary steps to facilitate uninterrupted trade.

# CM orders probe into fire

PESHAWAR. The chief minister of Khyber-Pakhtunkhwa has taken notice of the devastating fire incident at a factory in Hayatabad Industrial Estate and has ordered an investigation, instructing the Chief Secretary to submit a report within 30 days. Three days ago, a massive fire erupted in a factory at Hayatabad Industrial Estate in Peshawar, reducing the entire factory to ashes. The Hayatabad Industrial Estate Association expressed concerns over the delay in the arrival of rescue personnel, the lack of timely response from the DG, PDA, and the Commissioner of Peshawar, and the Chief Minister's absence from visiting the site. Following these concerns, the Chief Minister issued directives to the Chief Secretary for an inquiry into the fire incident. A letter was sent to the Chief Secretary, specifying six key points for investigation, including determining the cause of the fire, assessing fire prevention arrangements in the industrial area, and identifying any institutional negligence during the fire incident. OUR CORRESPONDENT

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 10 OCT 2024

Page No.




صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ، صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی سے ملاقات کررہے ہیں



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سول ہسپتال میں آئی سی یو کارڈیک سرجری کا افتتاح کررہے ہیں



صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ اور سیکرٹری مواصلات وتعمیرات لعل جان جعفر روڈ مینٹیننس یونٹ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No.__________ Dated: 30 OCT 2024 Page No.__________



ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران جرنلسٹ ویلفیئر فنڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

JANG QUETTA



کوئٹہ: ڈی جی پی آر محمد نور کھیتران جرنلسٹ ویلفیئر فنڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران جرنلسٹ ویلفیئر فنڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں